# "باب نمبر01 "

## مختصر جوابات دیں:

سوال 01: قائدِ اعظم نے یکم جولائی 1948ء کو اسٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

جواب: یکم جولائی 1948ء کو قائدِ اعظم نے اسٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا: "مغرب کا معاشی نظام انسانیت کے لیے ناقابلِ حل مسائل پیدا کر رہا ہے اور یہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا چاہیے۔ جو اسلام کے صحیح تصورِ مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں پر مبنی ہو۔"

---

سوال 02: نظریہ پاکستان کے چار ماخذ لکھیے؟

جواب: مشترکہ مذہب، مشترکہ سیاسی مقاصد، مشترکہ تعلیمی مقاصد، مشترکہ معاشی مقاصد نظریہ پاکستان کے ماخذ ہیں جو کہ کسی بھی قوم کے نظریے کے ماخذ ہوتے ہیں اور یہ نظریات کسی بھی قوم کی پوری معاشرتی زندگی کو متاثر کرتے ہیں۔

---

سوال 03: دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

جواب: دو قومی نظریے سے مراد یہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد تھیں۔ یہ دونوں قومیں صدیوں تک ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے باوجود آپس میں گھل مل نہ سکیں۔ دو قومی نظریے کی بنیاد مسلمانوں کا علیحدہ تشخص ہے۔ پاکستان دو قومی نظریے کی بنیاد پر قائم ہوا۔ دو قومی نظریے کا نصب العین یہ تھا کہ اسلام کے دو قومی تصور کی بنیاد پر ہندوستان میں مسلمانوں کی ایک ایسی آزاد ریاست قائم کی جائے جس میں رہتے ہوئے وہ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی اسلامی اصولوں کے مطابق گزار سکیں۔

---

سوال 04: برصغیر میں دو قومی نظریے کی ابتدا کب ہوئی؟

جواب: برصغیر میں دو قومی نظریے کی ابتدا مسلمانوں اور محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے ہوئی۔

---

سوال 05: نظریہ پاکستان کی تعریف کریں؟

جواب: اسلامی نظریہ حیات، نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے۔ نظریہ پاکستان سے مراد برصغیر جنوبی ایشیا کے تاریخی حوالے سے مسلمانوں کا یہ شعور تھا کہ وہ اسلامی نظریہ حیات کی بنیاد پر دوسری اقوام سے مختلف ہیں۔ یہ نظریہ پاکستان سے مراد ایک الگ خطہ زمین کا حصول ہے جس میں مسلمان برصغیر قرآن و سنت کی روشنی میں اسلامی اقدار اور نظریات کو محفوظ کر سکیں اور اپنی زندگیاں اسلام کے روشن اصولوں کے تحت گزار سکیں۔

---

سوال 06: عقیدہ رسالت کی تعریف کریں؟

جواب: عقیدہ رسالت کا مطلب تمام رسولوں پر ایمان لانا اور دائرہ اسلام میں آنے کے لیے لازم ہے کہ رسالت کو دل و جان سے تسلیم کیا جائے اور کسی اعتبار سے اس میں شک و شبہ نہ کیا جائے۔ قرآن مجید اور اسوہ رسول ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول اور آخری نبی ماننا اور یہ ایمان رکھنا کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ عقیدہ رسالت کا لازمی جزو ہے کہ جو اس کا انکار کرے وہ مسلمان نہیں ہو سکتا۔

---

سوال 07: نظریہ پاکستان کے عناصر میں عقائد سے کیا مراد ہے؟

جواب: عقائد میں توحید، آخرت، ملائکہ، اور الہامی کتابوں پر ایمان لانا شامل ہے۔ عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔

---

سوال 08: ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد کیا تھا؟

جواب: انگریزوں نے ایسٹ انڈیا کمپنی 1600ء میں قائم کی۔ کمپنی ہندوستان میں ایسی معاشی پالیسیاں بناتی تھی جس کا زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ خود انگریزوں کو ہوتا تھا۔

---

سوال09: "اب یا پھر کبھی نہیں (Now or Never)" کے عنوان سے شہرہ آفاق کتابچہ کب اور کس نے جاری کیا؟

جواب : 28 جنوری 1933ء کو چوہدری رحمت علی نے "اب یا پھر کبھی نہیں (Now or Never)" کے عنوان سے ایک مشہور کتابچہ جاری کیا جو تحریکِ پاکستان کے لیے مضبوط دیوار ثابت ہوا، برصغیر کے مسلمانوں کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام بھی لفظ "پاکستان" سے آشنا ہوئیں۔

---

سوال10: قائدِ اعظم نے اقلیتوں کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب : قائدِ اعظم نے دو ٹوک الفاظ میں فرمایا تھا کہ پاکستان ایک مذہبی نہیں بلکہ اسلامی فلاحی ریاست ہو گی۔ یہاں غیر مسلموں کو مسلمانوں کے برابر درجہ ملے گا۔ وہ آزاد اور خوشگوار فضا میں سانس لے سکیں گے اور انھیں برابر حقوق حاصل ہوں گے۔ رواداری اور انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

---

## "باب نمبر 02"

## مختصر جوابات دیں:

سوال01: برصغیر میں جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی آمد کب ہوئی؟

جواب : برصغیر جنوبی ایشیا میں مسلمانوں کی آمد 712ء میں محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے شروع ہوئی۔

---

سوال02: میثاقِ لکھنؤ میں مسلمانوں کو کیا فوائد حاصل ہوئے؟

جواب: 1916ء میں لکھنؤ میں مسلم لیگ اور کانگریس کا مشترکہ اجلاس ہوا۔ دونوں پارٹیوں کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا جسے "میثاقِ لکھنؤ" کا نام دیا گیا۔ اس معاہدے میں پہلی بار مسلمانوں کو الگ قوم تسلیم کیا گیا اور جداگانہ انتخابات کے مطالبے کو تسلیم کیا گیا۔

---

سوال03: تحریکِ علی گڑھ کا بنیادی مقصد تحریر کریں؟

جواب : سرسید احمد خان کی تحریکِ علی گڑھ کے مقاصد درج ذیل تھے:

1. حکومت اور مسلمانوں کے درمیان اعتماد بحال کرنا۔
2. مسلمانانِ برصغیر کو جدید علوم اور انگریزی زبان سیکھنے کی طرف راغب کرنا۔
3. مسلمانانِ برصغیر کو آگاہ کرنا کہ پہلے تعلیم حاصل کریں اور پھر سیاست میں حصہ لیں۔

---

سوال04: تحریکِ ہجرت کا کیا نتیجہ نکلا؟

جواب: 1920ء میں چند علمائے کرام نے فتویٰ جاری کیا کہ برصغیر "دارالحرب" ہے۔ مسلمانوں کا انگریزوں کی عملداری میں رہنا جائز نہیں۔ انھیں دارالسلام میں ہجرت کر جانی چاہیے۔ چنانچہ ہزاروں مسلمان خاندان اپنی جائیدادیں بیچ کر افغانستان ہجرت کر گئے۔ افغانستان نے ان کو اپنے ملک میں داخلے کی اجازت نہ دی اور انھیں مجبور کیا کہ وہ اپنے ملک واپس چلے جائیں۔ جب یہ لٹے پٹے مسلمان واپس آئے تو بربادی کے سوا ان کے لیے کچھ نہ تھا۔

---

سوال05: مسلم لیگ کے قیام کے پس منظر میں کیا محرکات شامل ہیں؟

جواب : 30 دسمبر 1906ء کو ڈھاکہ میں مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا۔ جس میں تقسیمِ بنگال، انگریزوں کا مسلمانوں کے ساتھ عمومی رویہ، مسلمانوں کا احساسِ محرومی اور مسلمانوں کو حکومت کی طرف سے نظرانداز کرنا ایسے محرکات تھے جو مسلمانوں کو متحرک کرنے کا باعث بنے۔ اور انھوں نے سیاسی جماعت بنانے کا فیصلہ کیا۔

---

سوال06: لیاقت علی خاں کو کب اور کہاں شہید کیا گیا؟

جواب : 16 اکتوبر 1951ء کو راولپنڈی کے کمپنی باغ میں آپ کو اس وقت گولی مار کر شہید کر دیا گیا جب آپ خطاب کے لیے کھڑے ہی ہوئے تھے۔ ان کی زبان پر آخری الفاظ یہ تھے: "یا اللہ! پاکستان کی حفاظت فرما"!

---

سوال07: قرارداد لاہور کب اور کس نے پیش کی؟

جواب: قرارداد لاہور مسلم لیگ کے ستائیسویں سالانہ اجلاس میں قائداعظم کی صدارت میں 23 مارچ 1940ء کو پیش ہوئی اور شیر بنگال مولوی اے کے فضل حق نے پیش کی۔

سوال08: تحریک ہجرت کا کیا سبب تھا؟

جواب: 1920ء میں علمائے کرام نے فتویٰ جاری کیا کہ برصغیر "دارالحرب" ہے۔ مسلمانوں کا انگریزوں کی عملداری میں رہنا جائز نہیں۔ انھیں دارالسلام میں ہجرت کر جانی چاہیے۔

سوال09: 1956ء کا آئین کب منسوخ ہوا؟

جواب: 1956ء کا یہ آئین دو سال اور 7 ماہ تک نافذ رہا جس کے بعد اکتوبر 1958ء میں پاکستان آرمی کے کمانڈر انچیف جنرل محمد ایوب خان نے ملک کی جمہوری حکومت کو برطرف کر کے فوجی حکومت قائم کر دی اور تمام اختیارات خود سنبھال لیے۔ جنرل محمد ایوب خان نے 1956ء کا آئین منسوخ کر دیا۔

سوال10: ریڈکلف ایوارڈ کا اہم ترین فیصلہ کیا تھا؟

جواب: دونوں ممالک کی سرحدوں کے تعین کے لیے وائسرائے نے 30 جون 1947ء کو پنجاب اور بنگال میں حد بندی کمیشن مقرر کیے۔ ایک انگریز قانون دان مسٹر ریڈکلف کو دونوں کمیشنوں کا چیئرمین مقرر کیا گیا۔ ریڈکلف ایوارڈ نے پاکستان سے ملے ہوئے مسلم اکثریتی علاقے بھارت کے حوالے کر دیے۔ گورداسپور کا مسلم علاقہ بھارت کو دے کر کشمیر تک اس کی رسائی کو ممکن بنایا۔ اس طرح مسئلہ کشمیر پیدا ہوا، جو آج تک حل طلب ہے۔

سوال11: قیام پاکستان کے بعد مسلمانوں کو جو مشکلات پیش آئیں ان میں صرف تین کے نام لکھیں؟

جواب: پاکستان کو معرض وجود میں آتے ہی بے شمار مسائل کا سامنا کرنا پڑا جن میں ریڈکلف ایوارڈ، مہاجرین کی آبادکاری، انتظامی مشکلات، معاشی مشکلات، فوجی اثاثوں کی تقسیم، دریائی پانی کا تنازع اور سیاسی مشکلات شامل تھیں۔

سوال12: قرارداد مقاصد کے حوالے سے حاکمیت اعلیٰ کس کے پاس ہے؟

جواب: قرارداد مقاصد میں اس بات کی وضاحت کر دی گئی کہ ساری کائنات کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اور سارا اقتدار اسی کو حاصل ہے۔ اقتدار مسلمانوں کے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہے اور اس اقتدار کو اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حدود کے اندر رہ کر عوام کے منتخب نمائندے استعمال کریں گے۔

سوال13: 1956ء کے آئین کی تین خصوصیات بیان کریں؟

جواب: پاکستان کا پہلا آئین 23 مارچ 1956ء کو نافذ ہوا۔ اس آئین کی درج ذیل خصوصیات تھیں:

1. پاکستان کو اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا۔
2. ملک میں وفاقی پارلیمانی نظام حکومت قائم کیا گیا۔
3. 1956ء کے دستور کے مطابق اردو اور بنگالی دونوں کو قومی زبانیں قرار دیا گیا۔
4. 1956ء کے آئین کو تحریری شکل میں تیار کیا گیا تھا۔

سوال14: پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بینک کے قیام کا کیا مقصد تھا؟

جواب: پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بینک کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا مقصد صنعتوں کی ترقی کے لیے طویل اور قلیل مدت کے لیے قرضے دینا تھا۔

سوال15: بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے درجات کو بیان کریں؟

جواب: 1958ء میں جنرل محمد ایوب خان نے مارشل لاء لگا کر ملک کا انتظام سنبھال لیا۔ وہ بذات خود صدارتی نظام کے حامی تھے جس میں صدر کو وسیع اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ 1959ء میں جنرل محمد ایوب خان نے چار سطحی بنیادی جمہوریتوں جس میں یونین کونسل/ٹاؤن کمیٹی، تحصیل کونسل/تھانہ کونسل، ضلع کونسل، ڈویژنل کونسل کا نظام لانے کا فیصلہ کیا۔

# "باب نمبر 03"

## مختصر جوابات دیں:

**سوال 01: یوم تکبیر سے کیا مراد ہے؟**

جواب: 28 مئی 1998ء کو پاکستان نے صوبہ بلوچستان کے پہاڑی علاقے چاغی کے مقام پر ایٹمی دھماکے کیے۔ اس طرح پاکستان ایٹمی ممالک کی فہرست میں شامل ہو گیا۔ پاکستان عالم اسلام کا پہلا ایٹمی ملک ہے۔ ان ایٹمی دھماکوں کی یاد میں ہر سال 28 مئی کو "یوم تکبیر" منایا جاتا ہے۔

---

**سوال 02: اٹھارھویں آئینی ترامیم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: اٹھارھویں آئینی ترمیم 2010ء میں منظور ہوئی۔ جس کے ذریعے صوبہ سرحد کا نام بدل کر خیبر پختونخوا رکھ دیا گیا۔ وفاق صوبوں کے درمیان کنکرنٹ لسٹ کو ختم کر دیا گیا۔ اعلیٰ عدالتوں کے ججوں کے تقرر کے لیے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اور ایک پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی۔

---

**سوال 03: موٹروے کی کیا اہمیت ہے؟**

جواب: لاہور-اسلام آباد موٹروے۔ نو کی تعمیر نمایاں اقدامات میں سے ایک ہے۔ یہ منصوبہ اپنے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور بڑے شہروں کے درمیان بہتر رابطے کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے عزائم کی علامت ہے۔ اس نے مستقبل کے موٹروے منصوبوں کی بنیاد فراہم کی، جس کا مقصد سیاحت اور تجارت کو فروغ دینا ہے۔

---

**سوال 04: ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں صنعتی اصلاحات کا کیا مقصد تھا؟**

جواب: صنعتی اصلاحات کے مقصد میں مزدوروں کے حالات کو بہتر بنانا اور بہتر صنعتی ماحول پیدا کرنا، ملکی معیشت کی تعمیر نو کی خاطر صنعت کی بحالی اور ترقی کے لیے مزدوروں کو صنعتوں کی انتظامیہ میں مناسب اور موثر نمائندگی، گروپ انشورنس اور سوشل سیکیورٹی کے نظام کا نفاذ، مزدوروں کے لیے صحت کی سہولتوں میں اضافہ، ملازمین کے لیے بونس کی ادائیگی وغیرہ شامل تھا۔

---

**سوال 05: دوایوانی مقننہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: دستور کے تحت ملک میں دوایوانی مقننہ قائم کی گئی۔ ایوان بالا کا نام سینیٹ جب کہ ایوان زیریں کا نام قومی اسمبلی رکھا گیا۔

---

**سوال 06: دولتِ مشترکہ تنظیم سے کیا مراد ہے؟**

جواب: دولتِ مشترکہ ان ممالک کی تنظیم ہے جن پر تاج برطانیہ کی حکومت رہی۔ یہ تنظیم 1926ء میں قائم ہوئی۔ یہ پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش سمیت کئی ممالک اس کے رکن ہیں۔

---

**سوال 07: میاں محمد شہباز شریف کی کوئی سی دو اصلاحات تحریر کریں؟**

جواب: میاں محمد شہباز شریف اپریل 2022ء سے اگست 2023ء تک پاکستان کے وزیراعظم رہے۔ اس دور حکومت میں زراعت، صنعت، صحت، تعلیم اور توانائی سمیت کئی شعبوں میں اصلاحات متعارف کروائیں، جیسا کہ لوگوں کو خدمت کارڈ جاری کیے گئے۔ زرعی شعبے میں کسان پیکیج کے ذریعے اربوں روپے قرض دیے گئے۔

---

**سوال 08: بے نظیر بھٹو کی معاشی اصلاحات کیا تھیں؟**

جواب: بے نظیر بھٹو نے 1994ء میں ایک نئی پاور پالیسی کا اعلان کیا، ملک بھر میں توانائی، بجلی کی کمی اور لوڈشیڈنگ کا بحران ختم کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے گئے۔ لاکھوں گیس کنکشن فراہم کیے گئے۔ پاکستان اسٹیل ملز کو منافع بخش ادارہ بنایا گیا۔ کراچی میں پورٹ قاسم کو وسعت دی گئی۔

---

**سوال 09: مطالعہ پاکستان کو گریجویشن تک کس نے لازمی قرار دیا؟**

جواب: جنرل محمد ضیاء الحق نے اسلامیات اور مطالعہ پاکستان کے مضامین کو گریجویشن تک لازمی قرار دیا۔

---

سوال10: چودھویں آئینی ترمیم 1997ء کی کیا اہمیت ہے؟

جواب : میاں محمد نواز شریف کی حکومت کی طرف سے متعارف کرائی گئی 14 ترمیم میں سیاسی جماعتوں میں انحراف کی حوصلہ شکنی کر کے سیاسی استحکام پیدا کیا گیا۔ اس سے زیادہ ہم آہنگ سیاسی ماحول پیدا کرنے میں مدد ملی۔ اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ منتخب نمائندے اپنی جماعتوں اور پالیسیوں کے ساتھ وفادار رہیں۔

---

سوال11: آٹھویں آئینی ترمیم 1985ء کی کیا اہمیت ہے؟

جواب : آٹھویں آئینی ترمیم کے تحت آئندہ سے صدر مملکت کے انتخاب کا پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور چاروں صوبائی اسمبلیوں پر مشتمل انتخابی ادارہ کرے گا۔ ترمیم کے بعد صدر مملکت کو غیر معمولی اختیارات حاصل ہو گئے اور وزیر اعظم کی حیثیت ثانوی ہو گئی۔ سینیٹ کے اراکین کی مدت چھ سال مقرر کی گئی۔

---

## "باب نمبر 04"

## مختصر جوابات دیں:

سوال01: خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟

جواب : خارجہ پالیسی سے مراد کسی ملک کی دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات کی حکمت عملی ہے۔ اس سے مراد وہ روَیہ ہے جس کے تحت کوئی ملک اپنے قومی مفادات کے تحفظ کی خاطر دیگر ریاستوں اور ممالک کے ساتھ تعلقات قائم کرتا ہے۔

---

سوال02: گوادر بندرگاہ کی اہمیت کو تین سطروں میں تحریر کریں؟

جواب : چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ سے گوادر بندرگاہ کو خاص اہمیت کی وجہ یہ ہے کہ گوادر بندرگاہ کے ذریعے یورپ، امریکہ اور دیگر ریاستوں کی تجارتی آمدورفت ممکن ہو سکے گی۔ جس سے پاکستان مزید معاشی سرگرمیوں کا مرکز بن جائے گا اور ترقی کی طرف گامزن ہو جائے گا۔

---

سوال03: وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کے نام تحریر کریں؟

جواب : وسطی ایشیا کے مسلم ممالک پانچ ہیں جن میں قازقستان، تاجکستان، ازبکستان، کرغزستان شامل ہیں۔

---

سوال04: مسئلہ فلسطین سے کیا مراد ہے؟

جواب : 1948ء میں مغربی ممالک کی ایماء پر فلسطین کی سرزمین پر اسرائیل کے نام سے ایک ریاست قائم ہوئی۔ جس نے کئی علاقوں کو قبضے میں لے کر فلسطین کو خطرے میں ڈال دیا۔ آج بھی اقوام متحدہ اور اسلامی ممالک آزاد فلسطین ریاست قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پاکستان فلسطینیوں کے موقف کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔

---

سوال05: پاکستان کے بری اور بحری راستے کیوں اہم ہیں؟

جواب : بے شمار مغربی ممالک کی ترقی کا دارومدار خلیجی ممالک میں ہونے والے تیل کی پیداوار ہے۔ یہ تیل بحیرہ عرب کے ذریعے مغربی ممالک میں جاتا ہے۔ بحیرہ عرب کی اہم بندرگاہ کراچی ہے۔ وسطی ایشیائی ممالک اور افغانستان کی تجارت پاکستان کے بری اور بحری راستے خاص اہمیت رکھتے ہیں۔

---

سوال06: سارک ممالک کے نام لکھیں؟

جواب : سارک (ساؤتھ ایشین ایسوسی ایشن فار ریجنل کوآپریشن) کا مخفف ہے، جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون ہے۔ اس کا قیام 1985ء میں عمل میں آیا۔ اس تنظیم میں آٹھ ممالک پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال، مالدیپ، بھوٹان اور افغانستان شامل ہیں۔

---

سوال07: آر۔ سی۔ ڈی۔ سے کیا مراد ہے؟

جواب : ترکیہ، پاکستان اور ایران نے مل کر ایک تنظیم برائے ترقی یعنی آر۔ سی۔ ڈی۔ 1964ء میں قائم ہوئی تاہم 1979ء میں اس کی سرگرمیاں ختم ہو گئیں۔ اس کی جگہ 1985ء میں اقتصادی تعاون کی تنظیم (ای۔ سی۔ او) قائم کی گئی۔

---

سوال08: چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کے چار سطریں تحریر کریں؟

جواب : چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے (سی۔پیک) کے تحت توانائی، سڑکوں، ریل، صنعت اور سیاحت وغیرہ کو ترقی ملے گی۔ ملک کی کاروباری سرگرمیاں تیز اور معیشت مستحکم ہوگی۔ روزگار کے مواقع اور غربت میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ نیز مختلف شعبوں کی ترقی کے لیے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ افغانستان میں امن کے نتیجے میں گوادر بندرگاہ سے تجارت بڑھے گی۔ یہ منصوبہ ترقی و خوشحالی کو فروغ دینے میں کردار ادا کرے گا۔

---

سوال09: ویٹو سے کیا مراد ہے؟

جواب : دنیا کی پانچ بڑی طاقتیں امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اقوام متحدہ میں پیش کردہ کسی قرارداد یا بل کو مسترد کر سکتے ہیں۔ اس کو ویٹو کہا جاتا ہے۔

---

سوال10: چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کے پاکستان کے لیے تین فوائد لکھیں؟

جواب : چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے (سی۔پیک) کے تحت توانائی، سڑکوں، ریل، صنعت اور سیاحت وغیرہ کو ترقی ملے گی۔ ملک کی کاروباری سرگرمیاں تیز اور معیشت مستحکم ہوگی۔ روزگار کے مواقع اور غربت میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ نیز مختلف شعبوں کی ترقی کے لیے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ افغانستان میں امن کے نتیجے میں گوادر بندرگاہ سے تجارت بڑھے گی۔ یہ منصوبہ ترقی و خوشحالی کو فروغ دینے میں کردار ادا کرے گا۔

---

سوال11: پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے لیے کیسے فائدہ مند ہے؟

جواب : پاکستان نے ان ممالک کے ساتھ تعلقات قائم کر کے اپنے خارجہ تعلقات کو فروغ دیا۔ ان تعلقات کو اقتصادی تعاون کی تنظیم کے ذریعے سے مزید فروغ ملا۔ ان ریاستوں کے پاس ساحل سمندر نہیں ہے جو کہ بین الاقوامی تجارت کے لیے ضروری ہے۔ انھیں یہ سہولت پاکستان فراہم کرتا ہے۔

---

سوال12: چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ کو کن مشکلات کا سامنا ہے۔ چار سطریں تحریر کریں؟

جواب : چین کو اپنے ابتدائی دور میں عالمی سطح پر مشکلات کا سامنا تھا۔ اس دور میں پاکستان نے چین کا ساتھ دیا۔ عالمی اداروں کی رکنیت حاصل کرنے کے لیے بھی پاکستان نے چین کی کھلے دل سے معاونت کی جب کہ دوسری طرف امریکہ اور یورپی ریاستیں اشتراکی چین کی کھلی مخالفت کر رہی تھیں۔ پاکستان امریکہ کا اتحادی بھی تھا۔ مگر اس کے باوجود پاکستان نے چین کے ساتھ دوستی کا حق نبھایا۔

---

## "باب نمبر 05"

## مختصر جوابات دیں:

سوال01: محل وقوع کی تعریف کریں؟

جواب : جغرافیائی محل وقوع کے لحاظ سے پاکستان 23.5 سے 37 درجے عرض بلد شمالی اور 61 سے 77 درجے طول بلد مشرق کے درمیان پھیلا ہے۔ پاکستان کے شمال مشرق میں چین، مغرب کی جانب افغانستان اور ایران، مشرق کی سمت بھارت اور جنوب میں بحیرہ عرب واقع ہے۔

---

سوال02: پاکستان کو کن ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے؟

جواب : پاکستان کے ماحولیاتی تناظر میں آج ہمیں جن ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے ان کے نام درج ذیل ہیں:

1. آلودگی
2. جنگلات کا کٹاؤ
3. زمین کا صحرا میں تبدیل ہونا
4. سیم و تھور

---

سوال 03: پاکستان کے چار قدرتی خطوں کے نام تحریر کریں؟

جواب : پاکستان کو قدرتی خطوں کے لحاظ سے پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جن کے نام درج ذیل ہیں :

1. میدانی خطہ
2. خشک اور نیم خشک پہاڑی خطہ
3. مرطوب اور نیم مرطوب پہاڑی خطہ
4. صحرائی خطہ
5. ساحلی خطہ

---

سوال 04: زمینی آلودگی سے کیا مراد ہے؟

جواب : زمینی آلودگی سے مراد سطح زمین پر گھریلو کوڑا کرکٹ اور فیکٹریوں اور ہسپتالوں کے زہریلے مواد کا پھیلاؤ ہے۔ زمینی آلودگی کو سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے طریقوں سے ختم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً زہریلے مواد کو کسی بھی جگہ دبا دیا جائے۔

---

سوال 05: سیم و تھور کا مفہوم لکھیں؟

جواب : بعض اوقات زیر زمین پانی کی سطح بلند ہو جاتی ہے اور پانی زمین کی سطح پر آ جاتا ہے۔ اس سے زمین دلدل بن جاتی ہے۔ اس کو سیم کہتے ہیں جبکہ زیر زمین پانی کی سطح بلند ہو جانے سے زمین کے نمکیات پانی کے ساتھ سطح زمین پر آ جاتے ہیں۔ پانی بخارات بن کر اڑ جاتا ہے اور نمکیات زمین کی سطح پر رہ جاتے ہیں اس کو تھور کہتے ہیں۔

---

سوال 06: ساحلی خطہ کی نباتات بیان کریں؟

جواب : اس خطے میں کم جنگلات پائے جاتے ہیں۔ بارش کی مقدار کم ہونے کی وجہ سے دنیا کے باقی ساحلی علاقوں کے مقابلے میں یہاں ناریل کے درخت عام نہیں ہیں جبکہ ساحلی جنگلات مینگروز ساحلی علاقوں میں بکثرت ملتے ہیں۔

---

سوال 07: جنگلات کے دو فائدے بیان کریں؟

جواب : جنگلات سے حاصل کردہ لکڑی فرنیچر اور دوسری اشیاء بنانے کے کام آتی ہے۔ لہٰذا جنگلات ملکی ترقی میں بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ جنگلات کسی بھی علاقے کی آب و ہوا کو خوشگوار بنا دیتے ہیں۔ درجہ حرارت کی شدت کو کم کر دیتے ہیں۔ جنگلات ماحولیاتی خصوصاً سموگ کو کم کرنے میں مددگار ہوتے ہیں۔ جنگلات سے حاصل ہونے والی جڑی بوٹیاں ادویات بنانے میں کام آتی ہیں۔

---

سوال 08: پاکستان کے اہم جنگلی حیات کون سی ہے؟

جواب : پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں جنگلی بلیاں اور برفانی ریچھ جبکہ جنوبی پنجاب میں نیل گائے، مور، تیتر، سانپ اور چنکارا پائے جاتے ہیں۔ تھل اور چولستان کے ریگستانی علاقوں میں صحرائی لومڑی، اونٹ اور گورا جبکہ سطح مرتفع پوٹھوہار میں کوہستانی نمک اور کالا چٹا پہاڑ پر جنگلی حیات کثرت سے پائے جاتے ہیں۔

---

سوال 09: پاکستان میں پائے جانے والے تین گلیشیئرز کے نام لکھیں؟

جواب : پاکستان میں پائے جانے والے سیاچن گلیشیئرز، بولتورو گلیشیئرز، بیافو گلیشیئرز، ہتورا گلیشیئرز شامل ہیں۔

---

سوال 10: دریائے سندھ کے دو مغربی معاون دریاؤں کے نام لکھیں؟

جواب : دریائے کرم، دریائے ٹوچی اور دریائے گومل بھی مغرب سے بہتے ہوئے دریائے سندھ میں گرتے ہیں۔ دریائے ژوب بلوچستان کے علاقے ژوب اور لورالائی سے ہوتا ہوا دریائے گومل سے جا ملتا ہے جو دریائے سندھ کے معاون دریا ہیں۔

---

**سوال11: پانی کو آلودگی سے بچاؤ کے دو طریقے بیان کریں؟**

جواب : پانی کی آلودگی سے بچنے کے لیے کیڑے مار ادویات اور کیمیائی کھادوں کا استعمال کم کیا جائے۔ پانی کی آلودگی سے بچنے کے لیے فیکٹریوں سے خارج ہونے والے پانی کو فلٹریشن پلانٹ لگا کر صاف کرنا چاہیے اور پھر اسے دریاؤں یا نہروں میں ڈالنا چاہیے۔

---

**سوال12: غیر دوامی نہروں سے کیا مراد ہے؟**

جواب : برسات کے موسم میں جب دریاؤں میں پانی کافی مقدار میں ہوتا ہے تو یہ نہریں چلتی ہیں اور خریف کی فصل کے لیے پانی فراہم کرتی ہیں۔ ہیڈ ورکس کے ذریعہ پانی کو کم و بیش کیا جا سکتا ہے۔ ان نہروں کو ششماہی نہریں یعنی چھ مہینوں والی نہریں بھی کہتے ہیں۔

---

**سوال13: صحرازدگی کی تعریف کریں؟**

جواب : انسانی سرگرمیاں، جانوروں کا چرنا، جنگلات کا کٹاؤ اور اپنی ضرورت کے لیے زمین میں بار بار ایک ہی فصل اگانا، یہ سب عوامل مل کر زمین بنجر بناتے ہیں۔ اس سے زمین کی زرخیزی قائم نہیں رہتی اور ناقابلِ کاشت ہو جاتی ہے۔ اس سارے عمل کو جس میں ہم زمین کو ناکارہ بناتے ہیں، زمین کا صحرا میں تبدیل ہونا، صحرازدگی کہلاتا ہے۔

---

**سوال14: کوہستانِ نمک کہاں واقع ہے؟**

جواب : کوہستانِ نمک سطح مرتفع پوٹھوہار کے جنوب میں واقع ہے۔

---

**سوال15: پاکستان میں نہروں کی اقسام کے نام لکھیں؟**

جواب : پاکستان میں پائی جانے والی نہروں کی چار اقسام ہیں جن میں سیلابی نہریں، دوامی نہریں، غیر دوامی نہریں، اور رابطہ نہریں شامل ہیں۔

---

**سوال16: کون سی سطح مرتفع کو دنیا کی چھت کہا جاتا ہے؟**

جواب : سطح مرتفع پامیر دنیا کی سب سے بلند سطح مرتفع ہے۔ جسے دنیا کی چھت بھی کہا جاتا ہے۔

---

**سوال17: زمینی درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے کس قسم کی تبدیلیاں وقوع پذیر ہو رہی ہیں؟**

جواب : زمینی درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے موسم کی شدت میں اضافہ، سیلاب، خشک سالی، بے وقت بارشیں، اور گلیشیئرز پگھلنے جیسی تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔

---

**سوال18: جنگلات کے کٹاؤ کے دو نقصانات لکھیں؟**

جواب : جنگلات کی کٹائی سے جنگلی حیات کو بھی نقصان ہو رہا ہے اور ان کی قدرتی قیام گاہوں کے خاتمے سے ان کی اقسام ختم ہوتی جا رہی ہیں۔

---

**سوال19: دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو کیا کہتے ہیں؟**

جواب : دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو دوآبہ کہتے ہیں۔ دریائے راوی اور دریائے چناب کے درمیان رچنا دوآبہ ہے۔ دریائے چناب اور دریائے جہلم کے درمیان چج دوآبہ ہے جبکہ دریائے جہلم اور دریائے سندھ کے درمیان سندھ ساگر دوآبہ ہے۔

---

**سوال20: بلوچستان کے کون سے دریا بحیرہ عرب میں گرتے ہیں؟**

جواب : بلوچستان کے دریائے دشت، دریائے حب، دریائے پورالی اور دریائے ہنگول شمال سے جنوب بہتے ہوئے بحیرہ عرب میں جا گرتے ہیں۔

---

# "باب نمبر 06"

## مختصر جوابات دیں:

**سوال 01: پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں؟**

جواب:

- ہم نصابی سرگرمیوں کا فقدان
- محدود تعلیمی وسائل
- ناقص امتحانی نظام
- بنیادی سہولتوں کا فقدان
- غیر موزوں مضامین کا چناؤ
- تدریسی سازوسامان کی کمی

---

**سوال 02: صنفی امتیاز کی تعریف کریں؟**

جواب : صنفی لحاظ سے تقسیم سے مراد عورت اور مرد کی بنیاد پر آبادی کی تقسیم ہے۔ موجودہ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں مردوں کی کل آبادی کا تقریباً 51 فیصد ہے۔ عورتوں کی تعداد تقریباً 49 فی صد ہے۔ یہ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں مردوں کی شرح پیدائش عورتوں کی نسبت زیادہ ہے۔

---

**سوال 03: کوئی سے تین پنجابی شعراء کے نام لکھیں؟**

جواب : ان میں مقبول صوفی شعرا بابا بلھے شاہ، شاہ حسین، بابا فرید گنج شکر، سلطان باہو اور خواجہ غلام فرید شامل ہیں۔

---

**سوال 04: ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟**

جواب : ہم نصابی سرگرمیاں جیسا کہ کھیل، مباحثے، مشاعرے، تقاریر، مذاکرے اور مطالعاتی دورے، وغیرہ طلبہ کی اخلاق تربیت اور ان کی شخصیت کی تعمیر میں مددگار ہوتے ہیں۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں ایسی ہم نصابی سرگرمیوں کے لیے مناسب سہولتیں موجود نہ ہوں، جس کی وجہ سے کئی باصلاحیت طلبہ زندگی کی دوڑ میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔

---

**سوال 05: آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جا سکتا ہے؟**

جواب : آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کے لیے ضروری ہے کہ آبادی کو کنٹرول کیا جائے۔ اگر آبادی بڑھے گی اور وسائل نہ بڑھے تو ملک مختلف مسائل کا شکار ہو جائے گا، جس سے لوگوں کو بنیادی سہولتیں نہیں ملیں گی۔

---

**سوال 06: آبادیات یا شہری شماریات سے کیا مراد ہے؟**

جواب : ایک دیہی علاقے کی آبادی چند سو اور شہری علاقے کی آبادی ہزاروں یا لاکھوں افراد پر مشتمل ہو سکتی ہے۔ آبادی میں بچے، بوڑھے، مرد اور خواتین سب شامل ہوتے ہیں۔ آبادی کے مطالعے کے لیے آبادیات یا شہری شماریات کا ایک مضمون متعارف کرایا گیا۔ جس میں انسانی آبادی کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ اس میں شرح پیدائش، شرح اموات، رہائش، ہجرت، بیماریاں، آبادی کی تقسیم اور ایسی دیگر چیزوں کا شماریاتی تجزیہ شامل ہے۔

---

**سوال 07: 2023ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں کتنی آبادی شہروں اور کتنی دیہی علاقوں میں رہتی ہے؟**

جواب: 2023ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کے شہری علاقوں میں 97.7 ملین افراد جبکہ باقی 147.7 ملین افراد دیہی علاقوں میں آباد ہیں۔

---

**سوال 08: شہری علاقوں سے کیا مراد ہے؟**

جواب : شہری علاقوں سے مراد وہ علاقے جن کا نظم و نسق میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، کنٹونمنٹ بورڈ وغیرہ کے تحت چلتا ہے۔

---

سوال09: مشترکہ خاندانی نظام کی وضاحت کریں؟

جواب : پاکستان میں بحیثیت مجموعی مشترکہ خاندانی نظام رائج ہے۔ خاندان کا سربراہ مرد ہے، جو اپنے خاندان کی کفالت کا ذمہ دار ہے۔ خاتون خانہ گھر اور بچوں کی دیکھ بھال کرتی اور امور خانہ داری سنبھالتی ہے۔ بزرگوں کو گھر میں نہایت عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور ان کی خدمت مذہبی یا اخلاقی فریضہ سمجھ کر کی جاتی ہے۔

---

سوال10: اقلیتی طبقوں کے دو مذہبی تہواروں کے نام لکھیں؟

جواب : اقلیتی طبقوں میں ہندو ہولی اور دیوالی، عیسائی کرسمس اور ایسٹر، سکھ مذہب کے لوگ بابا گرو نانک دیو جی کا جنم دن اور بیساکھی، بہائی عقیدے کے لوگ عید نوروز اور رودان وغیرہ کے تہوار پوری آزادی اور جوش و خروش سے مناتے ہیں۔

---

سوال11: پاکستان کے چار سیاحتی مقامات کے نام لکھیں؟

جواب : قدرتی مناظر سے بھرپور سیاحتی مقامات میں وادی کیلاش، وادی سوات، وادی سوان، نتھیا گلی، چمن، زیارت، کوہ سلیمان، فیری میڈوز، مری، ساحل سمندر کراچی اور بلوچستان وغیرہ شامل ہیں۔

---

سوال12: پاکستان میں غربت کے چار اسباب لکھیں؟

جواب :

- تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی
- پیداواری صلاحیت میں اضافہ
- توانائی کا بحران
- اندرونی و بیرونی سرمایہ کاری میں کمی
- ناخواندگی اور ٹیکنیکل تعلیم کا کم ہونا
- افراطِ زر کی بڑھتی ہوئی شرح

---

## "باب نمبر 07 "

## مختصر جوابات دیں:

سوال01: معاشی ترقی کی تعریف کریں؟

جواب" : معاشی ترقی، معیشت کی پیداواری صلاحیت میں ایسے لگاتار عمل کا نام ہے جس کے نتیجے میں قومی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہو۔" (گراہم بینک)

---

سوال02: پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی اہم وجہ کیا ہے؟

جواب : غیر یقینی صورتحال اور ٹیکسوں کی بہتات کی وجہ سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کم ہو رہی ہے۔

---

سوال03: افرادی قوت سے کیا مراد ہے، اس میں کون سے لوگ شامل ہیں؟

جواب : افرادی قوت سے مراد 16 سال سے زیادہ عمر کے وہ افراد ہیں جو کمانے کے اہل ہوں۔ ان میں برسرِ روزگار اور بے روزگار دونوں طرح کے افراد شامل ہوتے ہیں۔

---

سوال04: دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟

جواب : دفاعی صنعت کی ترقی ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ دفاعی صنعت کی ترقی سے معاشی سرگرمیوں میں تیزی آتی ہے۔ دفاعی ساز و سامان کی درآمد میں کمی سے زرمبادلہ کی بچت ہوتی ہے اور ملک کے زرمبادلہ میں اضافہ ہوتا ہے، جس سے اندرون ملک کرنسی کی شرح مبادلہ بہتر ہوتی ہے۔ دفاعی صنعت ملکی ضروریات کے مطابق دفاعی سامان تیار کرتی ہے۔

---

سوال 05: پاکستان کی پانچ رابطہ نہروں کے نام لکھیں؟

جواب:

- مرالہ راوی لنک کینال
- لوئر جہلم کینال
- اپر جہلم کینال
- رسول قادر آباد لنک کینال
- اپر چناب کینال
- بلوکی۔ہیڈ سلیمانکی

---

سوال 06: خام قومی پیداوار (جی ڈی پی) سے کیا مراد ہے؟

جواب: خام قومی پیداوار کسی معیشت میں کسی مخصوص عرصہ کے دوران میں پیدا کی جانے والی اشیا، خدمات کے (مارکیٹ قیمت پر) مجموعے کو کہتے ہیں۔ مخصوص عرصہ سے مراد عام طور پر ایک سال ہوتا ہے۔

---

سوال 07: سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان میں کون سے ڈیم بنے؟

جواب: سندھ طاس معاہدے سے دریائے جہلم پر منگلا ڈیم اور دریائے سندھ پر تربیلا ڈیم تعمیر ہوئے۔

---

سوال 08: کرومائیٹ کے بڑے ذخائر پاکستان میں کہاں پائے جاتے ہیں؟

جواب: یہ دھات سٹین لیس سٹیل بنانے، فولاد سازی کی صنعتوں اور انجینئرنگ کے آلات بنانے کے کام آتی ہے۔ بلوچستان میں اس کے ذخائر مسلم باغ، لسبیلہ اور چاغی کے علاقوں میں اور صوبہ خیبر پختونخوا میں مالاکنڈ اور مہمند ایجنسی کے علاقوں میں بھی ذخائر موجود ہیں۔

---

سوال 09: خوردنی نمک کا استعمال بیان کریں؟

جواب: نمک انسانی ذائقے کا ایک اہم عنصر ہے جو خوراک کے علاوہ سوڈا ایش، کاسٹک سوڈا، سوڈیم بائی کاربونیٹ، ٹیکسٹائل مل اور چمڑے وغیرہ کی صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

---

سوال 10: تجارتی خسارے سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کسی ملک کی برآمدات کم اور درآمدات زیادہ ہوں تو وہ ملک تجارتی خسارے کی زد میں آجاتا ہے۔ اگر یہ خسارہ ہر سال بڑھتا جائے تو ایسے ملک کے لیے لمحہ فکریہ ہوگا۔ ترقی پذیر ممالک کی اکثریت خسارے میں رہتی ہے، کیوں کہ یہ اپنی اشیاء سستی بیچتے ہیں اور ضرورت کی اشیاء مہنگی خریدتے ہیں۔

---

سوال 11: زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے کیے گئے حکومتی اقدامات میں سے دو کی وضاحت کریں؟

جواب:

- پانی کی کمی کو پورا کرنے اور پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت بڑھانے کے لیے نئے ڈیموں کی تعمیر
- کاشتکاروں کی جدید ٹیکنالوجی سے متعلق تربیت
- ناہموار کھیتوں کو ہموار بنانے کے لیے لینڈ لیولنگ ٹیکنالوجی کا فروغ
- زرعی قرضہ کے نظام میں بہتری کے لیے ون ونڈو آپریشن کا فروغ

---

سوال 12: سیلابی نہروں کے فوائد لکھیں؟

جواب: موسم گرما اور برسات میں جب دریاؤں میں پانی کی سطح بلند ہو جائے یا دریاؤں میں شدید طغیانی کے وقت پانی خطرے کے نشان تک پہنچ جائے تو بیراج کو نقصان سے بچانے کے لیے ان نہروں میں پانی چھوڑ دیا جاتا ہے۔

**سوال13: کاریز کا استعمال بیان کریں؟**

جواب: پاکستان میں یہ نظام صوبہ بلوچستان میں ہے، جہاں علاقے کی مخصوص جغرافیائی صورتِ حال اور نہری پانی کی شدید کمی کی وجہ سے زیرِ زمین نالوں کے ذریعے سے کھیتوں تک پانی پہنچایا جاتا ہے۔ ان نالوں کو کاریز کہتے ہیں۔

---

**سوال14: وارسک ڈیم کہاں اور کس دریا پر بنایا گیا ہے؟**

جواب: یہ ڈیم پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں پشاور کے نزدیک دریائے کابل پر بنایا گیا ہے۔ یہاں سے فصلوں کی آب پاشی کے لیے انہار کے علاوہ بن بجلی بھی پیدا کی جا رہی ہے۔

---

**سوال15: گھریلو صنعت کی تعریف کریں؟**

جواب: گھریلو صنعت سے مراد ایک ایسی صنعت ہے جو گھر کے افراد یا خاندان بہت کم سرمایہ لگا کر باہمی تعاون و اشتراک سے چلا رہے ہوں اور اس میں صرف انسانی محنت کا عمل دخل ہو، اگر مشین سے استفادہ مجبوری ہو تو اسے ایک محدود پیمانے پر ہی کیا جائے۔ مثلاً سونے چاندی کے برتن بنانا، بلاک پرنٹنگ اور کشیدہ کاری کرنا، گھروں میں کپڑوں کی سلائی، کھیس اور دریاں بنانا وغیرہ۔

---

**سوال16: میرانی ڈیم بلوچستان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: میرانی ڈیم بلوچستان کے ضلع کیچ میں تربت سے 43 کلو میٹر دور مغرب کی طرف واقع ہے۔ یہ ڈیم دریائے دشت پر میرانی گور میں بنایا گیا ہے جو ہزاروں ایکڑ اراضی کو سیراب کرتا ہے۔

---

**سوال17: پاکستان میں تیل اور گیس کی تلاش کے لیے کون سا ادارہ بنایا گیا ہے؟**

جواب: پاکستان میں تیل اور گیس تلاش کرنے کے لیے 1961ء میں "آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ" کا ادارہ قائم ہوا۔

---

## "باب نمبر 08"

## مختصر جوابات دیں:

**سوال01: قرآن کریم کی ایک آیت کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں؟**

جواب: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جو شخص بھی نیک عمل کرے، مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو ضرور ہم اسے زندہ رکھیں گے پاکیزہ زندگی کے ساتھ اور ضرور انہیں ان کا اجر عطا فرمائیں گے ان کے بہترین اعمال کے جو وہ کیا کرتے تھے۔ (سورۃ النحل، آیت نمبر: 97)

---

**سوال02: نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی ایک حدیث مبارکہ کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں؟**

جواب: نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے دو لڑکیوں کی کفالت کی تو میں اور وہ جنت میں اس طرح داخل ہوں گے، جس طرح میری یہ دو انگلیاں آپس میں قریب ہیں۔ (سنن ترمذی، حدیث نمبر: 1913) ایک اور جگہ فرمایا کہ عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو۔

---

**سوال03: تحریک پاکستان میں شامل تین خواتین کے نام لکھیں؟**

جواب: مادرِ ملت، محترمہ فاطمہ جناح، بیگم مولانا محمد علی جوہر، بیگم سلمیٰ تصدق حسین، فاطمہ بیگم اور لیڈی نصرت ہارون سمیت متعدد خواتین شامل تھیں جنہوں نے برصغیر کی مسلم خواتین میں آزادی کے حصول کا شعور پیدا کر کے انہیں قیامِ پاکستان کی جدوجہد میں فعال کردار کے لیے منظم کیا۔

---

**سوال04: سول سیکریٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا کس نے لہرایا؟**

جواب: سول سیکریٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا لہرانے والی فاطمہ صغریٰ تحریک پاکستان کی فعال رکن تھیں اس وقت ان کی عمر فقط 14 برس تھی۔ انہیں حراست میں لیا گیا مگر اس باہمت لڑکی نے ہمت نہ ہاری اور مسلم خواتین کو متحرک کرتی رہیں۔

---

سوال 05: لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق پاک فوج کی کس کور سے تھا؟

جواب : محترمہ نگار جوہر خان (1965ء) افواج پاکستان میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر فائز ہونے والی پہلی خاتون ہیں۔ ان کا تعلق پاکستان آرمی میڈیکل کور سے تھا۔ انہوں نے افواج پاکستان میں 1985ء سے 2022ء تک خدمات سرانجام دیں۔ ان کی گراں قدر خدمات کے صلے میں انہیں ہلالِ امتیاز (ملٹری) اور تمغۂ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا۔

---

سوال 06: پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کون ہیں؟

جواب : محترمہ مریم نواز شریف (1973ء)، پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ ہیں۔

---

سوال 07: ارفع کریم کس شعبے میں مہارت رکھتی تھیں؟

جواب : پاکستان کی بیٹی ارفع کریم (1995-2012ء) نے 9 سال کی عمر میں کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں اعلیٰ قابلیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ حکومتِ پاکستان نے انہیں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا۔

---

سوال 08: خواتین پر تشدد سے کیا مراد ہے؟

جواب : اقوام متحدہ کے مطابق خواتین پر تشدد وہ عمل ہے جس میں جسمانی، دماغی یا جنسی نقصانات شامل ہیں۔ اس طرح عورت کو اس کی عوامی یا ذاتی زندگی میں دھمکی آمیز باتوں اور جبر سے آزادی کی نعمت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

---

سوال 09: پنجاب میں لڑکے اور لڑکی کی شادی کی قانونی عمر کیا ہے؟

جواب : پاکستان میں کم عمری کی شادی کا رواج عام ہے۔ پنجاب میں شادی کی قانونی عمر لڑکیوں کے لیے 16 سال اور لڑکوں کے لیے 18 سال مقرر ہے۔ پنجاب کی صوبائی اسمبلی نے 2015ء میں شادی ایکٹ میں ترمیم کی ہے کہ اگر والدین، نکاح رجسٹر 16 سال سے کم عمر لڑکیوں اور 18 سال سے کم عمر لڑکوں کی شادی کرواتا ہے، تو ان کو قید اور بھاری جرمانے کی سزا دی جائے گی۔

---

سوال 10: محترمہ کلثوم نواز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب : محترمہ کلثوم نواز (1948-2018ء) ایک بہادر خاتون تھیں جنہوں نے 1999ء سے 2008ء کے دوران میں جمہوریت کی بحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔

---